جلد ۴۰ — نمبر ۴۱

گزٹ ریاست رامپور
RAMPUR STATE GAZET

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۳ ربیع الثانی سنہ ۱۳۴۷ھ مطابق ۸ اکتوبر سنہ ۱۹۲۸ء۔

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	معافیات [illegible] سرکار کفالت صیغہ مال۔	۱
۲	[illegible] صاحب [illegible] اسسٹنٹ [illegible]	۲
۳	انجمن [illegible]	۲
۴	تبادلہ و ترقیات سب انسپکٹران پولیس۔	۲
۵	تبادلہ [illegible] محمد علیخان و بشیر حسین سب انسپکٹر پولیس	۲
۶	تبادلہ [illegible] خان [illegible]	۲
۷	اخراج [illegible] کریم الدین۔	۲
۸	توسیع مدت ملازمت [illegible] علی مدرس	۳
۹	[illegible] مدرس	۳
۱۰	مستعفی سید عبد الہادی محرر	۳
۱۱	ہدایت حاکمان عدالت بابت تحریر [illegible]	۳
۱۲	توسیع مدت ملازمت مدرسان	۳
۱۳	بابت تعطیل [illegible] گورنمنٹ [illegible]	۳
۱۴	تبادلہ [illegible] خان [illegible]	۳
۱۵	رخصت [illegible] خان [illegible]	۳
۱۶	نقشہ جات [illegible] و نقشہ بارش [illegible]	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۴ ستمبر سنہ ۱۹۲۸ء

تجویز مندرجہ رپورٹ منظور ہے۔ کاغذ بغرض اجراء احکام واپس ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

امر عرض — [illegible]

جناب عالی

ریاست ہذا میں دو قسم کی معافیات ہیں۔ مشروط۔ غیر مشروط۔ بعد تحقیقات ہر دو کی پیمائش ہو کے ہر دو قسم کے معافیات کے جدا جدا رجسٹر مرتب کرا کر محافظ خانہ صدر و تحصیلات محکمہ بندوبست میں کھول دئے گئے ہیں۔ اکثر کا بعضان مالکان معافیات امانت ضمانت مساجری وغیرہ میں معافیات کو مستغرق کرتے ہیں۔ لہذا بنظر آگاہی عام معافیداران و عاملین صیغہ مال حسب ذیل تجویز بغرض منظوری پیش کیجاتی ہے۔

۱ - معافیداران مندرجہ رجسٹر مشروط کو حق ملکیت حاصل نہیں ہوتا ہے۔ لہذا کوئی معافی مندرجہ رجسٹر مشروط موجودہ یا آیندہ درج ہو صیغہ مال کے کسی کفالت میں نہ لیجائے۔

۲ - معافیداران مندرجہ رجسٹر غیر مشروط کو حق ملکیت حاصل ہوتا ہے۔ لہذا اس رجسٹر کے وہ معافیات کہ جو عہد سرکار ابد قرار دام اقبالہم و ملکہم عطا ہو کر مندرج رجسٹر ہو چکے ہیں یا آیندہ عطا ہو کر مندرج ہوں وہ بلا منظوری سرکار ابد قرار صیغہ مال کی کسی کفالت میں نہ لیجائیں۔ رپورٹ ہذا بغرض صدور حکم منظوری ملاحظہ حضور والا ہے۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حسب منظوری اجلاس ہمایون احکام اطلاعی بنام جملہ تحصیلداران صاحبان و حاکم صاحب و صاحب مہتمم بندوبست جاری ہون اور ایکنقل حکم مع نقل عرضداشت بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔ ۳۰ ستمبر ۱۹۲۸ء

دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

تحریر صاحب چیف سکریٹری بہادر واقع یکم اکتوبر ۱۹۲۸ء

بخدمت شریف جناب صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات

جناب من

بندگان عالی دام اقبالہم نے ارشاد فرمایا ہے کہ پولیس مین ہمیشہ سے دو انسپکٹر تھے خانصاحب منشی سعادت علیخان کی وجہ سے تین انسپکٹر ہو گئے تھے بمثل سابق دو انسپکٹر رکھے جائین منشی سعادت علیخان کو سب انسپکٹری پر واپس کیا جائے۔ اور ستر روپیہ ماہوار تنخواہ جو وہ پہلے پاتے تھے دیجائے۔ ساٹھ روپیہ ماہوار کا اضافہ وغیرہ جو انکو ملتا تھا بند کر دیا جائے۔ لائن انسپکٹر کا عہدہ بدستور رہیگا۔

(۲) شمعون خان پہلے پندرہ روپیہ ماہوار پر ہیڈ کانسٹبل تھا انکو سب انسپکٹری پر ترقی ملی تھی اور پینتالیس روپیہ ماہوار کا اضافہ وغیرہ ایک سال مین ملا تھا اور ساٹھ روپیہ تنخواہ ہو گئی تھی۔ انکی بابت سرکار دولتمدار نے ارشاد فرمایا ہے کہ ہیڈ کانسٹبلی پر واپس کیا جائے۔ اور پچیس روپیہ تنخواہ ملے۔

(۳) امجد علیخان سب انسپکٹری کی بابت سرکار دولتمدار نے ارشاد فرمایا کہ انکو برخاست نہ کیا جائے بلکہ انکی تنخواہ سے اسی روپیہ ماہوار کم کر دئے جائین۔ براہ کرم حسب صراحت بالا تعمیل ارشاد ہمایون فرمائی جائے۔

نیازمند

دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات

حسب منشاء حکم صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔ ۲ اکتوبر ۱۹۲۸ء

دستخط صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۳۰ ستمبر ۱۹۲۸ء

بنظر مناسب

حکم ہوا کہ

سردار بہادر گرداور شاہ آباد سے تحصیل ملک تبدیل ہو۔ اور محمود خان گرداور ٹانڈہ ملک سے حضور تحصیل تبدیل ہو۔ اور محمد حسین خان گرداور ٹانڈہ حضور تحصیل سے تحصیل شاہ آباد کو تبدیل ہو بحالت تبادلہ گرداوران اپنی اپنی تنخواہ پائینگے۔

حکم ہوا کہ

صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت واقع ۲ اکتوبر ۱۹۲۸ء

بسلسلہ واپسی خانصاحب منشی سعادت علیخان انسپکٹر پولیس بعہدہ سب انسپکٹری پولیس حسب ذیل احکام تبادلہ صادر کئے جاتے ہین۔

۱	خانصاحب سعادت علیخان	انسپکٹری علاقے	شاہ آباد	سب انسپکٹری
۲	احمد علی بیگ سب انسپکٹر پولیس	شاہ آباد سے	ملک	
۳	تیس خان سب انسپکٹر پولیس	ملک سے	بلاسپور	
۴	محی الدین خان سب انسپکٹر پولیس	بلاسپور سے	کیمری	
۵	ریاست علی سب انسپکٹر پولیس	کیمری سے	کوتوالی	افسری کو
۶	علی جواد افسر دوم	کوتوالی سے	عظیم نگر	
۷	شمعون خان	عظیم نگر سے	کوتوالی	ہیڈ کانسٹبلی پر

حکم ہوا کہ

صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت و تعمیرات

روبکار اجلاس صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت واقع ۲ اکتوبر ۱۹۲۸ء

احمد علیخان سب انسپکٹر پولیس تھانہ گنج سے تھانہ سوار اور شبیر حسین سب انسپکٹر پولیس تھانہ سوار سے تھانہ گنج کو تبدیل کئے جاتے ہین۔ لہذا

حکم ہوا کہ

صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت و تعمیرات

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت واقع ۲ اکتوبر ۱۹۲۸ء

حسب ایماء بندگان حضور پرنور دام اقبالہم احمد علیخان جنکا حال مین قیدخانہ سے حسینہ انکاری تبادلہ ہوا ہے۔ بجائے منشی اعجاز حسین انسپکٹر آبکاری سب انسپکٹر مقرر کئے جاتے ہین۔ انکو چالیس روپیہ ماہوار تنخواہ اور دس روپیہ ماہوار الاونس یعنی پچاس روپیہ ماہوار ملیگی۔

صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اخراج اسم

۲۹ ستمبر ۱۹۲۸ء

ماسٹر کریم الدین غیر مستقل ملازم مڈل اسکول کی مدت ملازمت ۳۰ ستمبر ۱۹۲۸ء کو ختم ہوگئی۔ چونکہ ہیڈ ماسٹر مڈل اسکول نامبردہ کے کام سے مطمئن نہیں ہیں۔ لہذا یکم اکتوبر ۱۹۲۸ء سے نامبردہ کا نام خارج کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

یکم اکتوبر ۱۹۲۸ء

منور علی مدرس مدرسہ صنوش تحصیل بلاسپور کی مدت ملازمت غیر مستقل میں ۱۸ ر اکتوبر ۱۹۲۸ء سے آخر اپریل ۱۹۲۹ء تک توسیع کی گئی۔

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

یکم اکتوبر ۱۹۲۸ء

رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس ملاحظہ ہوئی۔ بعد امتحان سالانہ احمد شاہ خان مدرس اول مدرسہ پنچ پیٹ کے مستقل ہونے کی نسبت غور کیا جائیگا۔ بالفعل ۳ ر اکتوبر ۱۹۲۸ء سے آخر فروری ۱۹۲۹ء تک نامبردہ کی ملازمت میں توسیع کی گئی۔ لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

مستقلی

۲ ر اکتوبر ۱۹۲۸ء

مثنہ تحریر صاحب مجسٹریٹ بہادر ضلع دربارہ مستقلی سید عبدالہادی محرر متفرقات محافظ خانہ فوجداری۔

حکم

سید عبدالہادی مستقل مقرر کیا جاوے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۲ ر اکتوبر ۱۹۲۸ء

ملاحظہ کارروائی عدالت ہائے دیوانی و فوجداری سے واضح ہوا کہ بعض عدالتوں میں اظہار و تجویز حاکم عدالت اپنے قلم سے تحریر نہیں کرتے۔ دوسرے اہلکاران اظہار و تجویز لکھا کرتے ہیں۔ اس بارہ میں پہلے بھی احکام جاری ہوچکے ہیں لیکن پھر بھی بعض عدالتوں میں بعض اوقات وہی کارروائی خلاف ضابطہ دیکھی گئی۔ از روئے ضابطہ فوجداری و دیوانی و دستور العمل ریاست حاکم عدالت کو اپنے قلم سے اظہار و تجویز تحریر کرنا چاہئے۔ اور اگر کسی وقت میں معذوری ہو تو اسکا نوٹ تحریر کرنا چاہئے۔ آیندہ جملہ عدالتہائے فوجداری و دیوانی پابندی احکام و قواعد مذکورہ بالا سے کارروائی کریں بجز مفتی صاحب دیوانی کے کہ انکے مدرسین با ب جبلے سے فی الحال حکم جاری ہوچکا ہے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

ایک نقل اس روبکار کی بغرض اطلاع و ہدایت جملہ عدالتہائے فوجداری و دیوانی شہر و مضافات میں جاری ہو اور ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیعات

۳ و ۴ ر اکتوبر ۱۹۲۸ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس۔ سید احمد مدرس مدرسہ چورہ پرگنہ حضور تحصیل کی بحالی ملازمت غیر مستقل میں یکم نومبر ۱۹۲۸ء سے آخر اپریل ۱۹۲۹ء تک توسیع کی گئی۔

اور نصیر احمد خان مدرس مدرسہ ٹنڈا پرگنہ حضور تحصیل کی ملازمت غیر مستقل میں ۸ ر اکتوبر ۱۹۲۸ء سے آخر اپریل ۱۹۲۹ء تک توسیع کی گئی۔

سید محمد حسن مدرس مدرسہ گھیر کے باز خان کی ملازمت غیر مستقل میں یکم نومبر ۱۹۲۸ء سے آخر اپریل ۱۹۲۹ء تک توسیع کی گئی۔

محمد علی خان مدرس اول مدرسہ تحصیلی ٹانڈہ کی ملازمت غیر مستقل میں یکم نومبر ۱۹۲۸ء سے آخر اپریل ۱۹۲۹ء تک توسیع کی گئی۔

نصیر خان مدرس اول مدرسہ کیمری کی ملازمت غیر مستقل میں۔ اور حسن رضا خان مدرس مدرسہ گروش تحصیل بلاسپور کی ملازمت غیر مستقل میں یکم نومبر ۱۹۲۸ء سے آخر اپریل ۱۹۲۹ء تک توسیع کی گئی۔ لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

مورخہ ۲۶ر ستمبر سنہ ۱۹۲۸ء

مثل تصفیہ نرخ گوشت برمصارف خاصہ وتصرفی ملاحظہ ہوئی - اس معاملہ کی روداد عرضداشت مورخہ ۱۰ر جون سنہ ۱۹۲۸ء مین تحریر ہے - جسپر ایما بہ عالی یہ ہوا کہ جس ٹھیکہ دار کو ٹھیکہ دینا مناسب ہو صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر انتظام کردین - (ملاحظہ ہوئی چٹھی صاحب چیف سکریٹری بہادر مورخہ ۲۲ر جون سنہ ۱۹۲۸ء شمولہ مثل) مین نے ایک مفصل نقشہ ٹھیکہ داران کی درخواست کا جو بعد منظوری تصفیہ نرخ مورخہ ۲۰ر اپریل سنہ ۱۹۲۸ء کا بنوایا ہے جو شامل مثل ہی اُسکے ملاحظہ سے واضح ہوتا ہے کہ بمقابلہ خورشید حسن عرف کلی جسکے نام تصفیہ نرخ کی منظوری خاصہ ... تصرفی ... ہوئی تھی اسکے بعد آخر درخواست ... و ... تک کی گذری تو یہ وہی لوگ ہین جو ٹھیکہ دار سابق تھے اور جو باوجود ہدایت کے وقت پر گوشت کی بہم رسانی کرنے سے صاف انکاری ہوئے - اور جنکی وجہ سے بدنظمی کی صورت پیدا ہو گئی تھی جسکی صراحت اسکے بیانات شمولہ مثل مین موجود ہی اور جس بنا پر ٹھیکہ تصفیہ شدہ کی تنسیخ کی گئی تھی لیکن کارخانہ مین کام خورشید حسن عرف کلی سے بدستور لیا جاتا رہا - اور عمل نہین ہوا - خورشید حسن اسوقت سے ابتک کام کررہا ہے - رقم اسکو کارخانہ سے کچھ علے الحساب ملی ہی - چونکہ تصفیہ نرخ کی وجہ سے جمع خرچ آڈٹ سے واپس آرہے ہین - لہذا بجواب حکم بندگان عالی حضور پرنور دام اقبالہم تصفیہ نرخ گوشت حسب ذیل بنام خورشید حسن عرف کلی میعاد یکسال کے واسطے یکم ... سنہ ۱۹۲۸ء سے ٹھیکہ منظور کیا جاتا ہی

گوشت مصارف خاصہ ... سن — گوشت مصارف مہمانان ... سن

حکم ہوا کہ

محکمہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون - کاغذات داخل دفتر ہون

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب فائننشل سکریٹری بہادر

تبادلہ

یکم اکتوبر سنہ ۱۹۲۸ء

مثل تحریر افسر صاحبان بورڈ آف آڈٹ بشکایت خرابی کام محفوظ علیخان اہلمد آڈٹ

حکم

مرزا محفوظ علی بیگ اہلمد آڈٹ سے سکشن متعلق کو شکایت ہی - لہذا مرزا محفوظ علی بیگ کا تبادلہ اپنی موجودہ تنخواہ پر فائننشل آفس مین منظور کیا جاتا ہے - اور انکی جگہ منشی امیر الرحمن خان اہلمد فائننشل آفس کو اپنی موجودہ تنخواہ پر بجائے مرزا محفوظ علی کے تبدیل کیا جانا منظور ہی - بغرض اجرا احکام صدر کو مرسل ہو -

دستخط صاحب فائننشل سکریٹری بہادر

رخصت

۴ر اکتوبر سنہ ۱۹۲۸ء

مثل یادداشت افسر صاحبان آڈٹ دربارہ منظوری رخصت یکماہ منشی عبد العلیخان اہلمد آڈٹ بوضع تنخواہ با انتظام سابقہ یعنی بعوض نثار احمد اپرنٹس بوجہ علالت برادر -

حکم

حسب الارش ممبر صاحبان بورڈ آف آڈٹ منشی عبد العلیخان اہلمد کی ایکماہ رخصت بطلب رخصت سابقہ بوضع تنخواہ منظور ہی - عبد العلیخان کی تنخواہ سے مبلغ دس روپیہ ماہوار نثار احمد اپرنٹس کو جو بجائے عبد العلیخان کام کررہا ہی ملینگے - باقی رقم تنخواہ سیاہہ سرکار رہیگی - بغرض اجرا احکام صدر کو مرسل ہون -

دستخط فائننشل سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور، ماہ اکتوبر لغایت جون ۱۹۲۸ء

نام تحصیل	تفصیل پیدائش: مرد — مسلمان	مرد — ہندو	عورت — مسلمان	عورت — ہندو	میزان	تفصیل مذہب — مسلمان	تفصیل مذہب — ہندو	تفصیل فوتی: ایک سال سے کم — [illegible]	[illegible]	۱ سال سے ۱۰ سال تک — [illegible]	[illegible]	۱۰ سال سے ... — [illegible]	[illegible]	[illegible] — [illegible]	[illegible]	تفصیل مذہب — مسلمان	ہندو	تفصیل امراض — [illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	میزان کل	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۲۵۶	۸۵	۲۱۲	۲۹۱	۴۳۵	۱۶۸	۵۳	۱۹۳	۹۶	۱۱	۱۲	۱۳۹	۱۲۶	۲۱۶	۲۵۲	۲۲۴	۱۳۱	۳	۴	۰	۵۴۲	۰	۰	۰	۵۵۱	
گنج	۱۸۱	۲۲	۹۸	۲۹	۲۲۴	۲۰۸	۴۹	۸۲	۹۰	۱۵	۱۹	۱۰۱	۹۹	۲۰۱	۱۲۵	۲۴۴	۱۳۴	۱	۱	۱۴۷	۱	۰	۰	۰	۴۶۸	
حافظ شہر	۱۳۰	۱۲۳	۹۰	۵۰	۳۳۱	۳۲۰	۲۱۹	۳۹	۳	۱۱	۰	۵۰	۲۴۹	۱۲۲	۹۲	۱۲۲	۹۳	۰	۰	۲۱۶	۰	۰	۰	۰	۳۱۴	
مظفر نگر	۳۴	۲۰۹	۱۲۵	۱۵۱	۴۰۶	۳۹۱	۳۵۴	۸۱	۵۰	۰	۹	۱۳۷	۹۲	۲۳۴	۱۶۲	۱۹۶	۱۹۴	۱	۰	۰	۳۹۸	۳	۰	۰	۲۹۱	
شاہ آباد	۱۹۸	۵۰۶	۱۳۶	۳۲۶	۲۵۹	۲۹۳	۴۶۵	۱۲۰	۱۶۳	۳۹	۵۰	۲۴۴	۲۲۰	۳۰۹	۳۰۳	۴۵۹	۹۳	۵	۳	۰	۴۲۳	۰	۰	۱۱۹	۸۲۱	
ٹانڈہ	۱۱	۴۴۲	۱۰۲	۲۵۶	۱۰۹	۲۱۵	۸۳۳	۹۷	۲۰۹	۲۴	۱۰	۱۲۸	۱۰۹	۲۳۹	۲۰۲	۹۱	۳۷۵	۰	۱۰	۰	۱۹۹	۲	۰	۰	۲۴۸	
ملک	۱۰۶	۲۲۹	۱۰۱	۹۱	۴۵۱	۳۰۸	۳۲۰	۱۶۰	۱۹	۰	۱۰	۳۴۹	۱۸۴	۲۱۷	۲۲۵	۱۱۲	۴۵۱	۰	۱	۰	۱۰۰	۱	۰	۰	۴۴۲	
بلاسپور	۲۵۰	۲۳۰	۶۸	۱۱۶	۴۳۴	۲۱۵	۴۰۹	۹۰	۵۹۶	۳۰	۳۲	۱۵۴	۱۴۲	۲۰۶	۲۰۱	۲۸۰	۲۲۵	۲	۰	۵۴۱		۵	۰	۰	۵۰۹	
کیمری	۲۵۳	۲۴۴	۱۹۷	۲۳۰	۱۹۴	۳۹۰	۴۴۸	۹۷	۱۱۳	۱۷	۱۲	۱۹۱	۴۳	۲۰۵	۲۵۹	۰	۲۶۲	۱	۲	۰	۲۹۷	۱۲	۰	۶۹	۵۹۷	
[illegible]	۲۲۲	۱۸۸	۱۶۰	۲۱۸	۵۷۲	۴۰۵	۲۴۵	۷۵	۵۹	۳۴	۱۲	۱۲۷	۱۱۳	[illegible]	۱۲۰	۳۲۰	۲۱۱	۰	۰	۰	۱۲۳	۲	۱		۲۴۷	
سوار	۴۶۱	۳۳۹	۱۵۳	۱۱۹	۸۹۱	۲۵۴	۳۳۴	۱۲۶	۱۱۵	۶۱	۹۰	۲۴۰	۲۰۳	۳۰	۳۰۴	۵۱۵	۱۷۱	۰	۰	۰	۲۴۲	۲	۰	۱۲۳	۱۰۶	
میزان	۲۶۵	۳۲۲۹	۲۴۴	۱۵۲۴	۳۹۰۲	۲۸۵۸	۴۵۳۱	۱۱۵۳	۱۰۰۵	۴۸۶	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۲۸۱۳	۲۶۱۵	۲۵۰۰	۱۲	۴۶	۰۰	۲۶۹۲	۲۹	۱	۵۱۵	۹۰۰۷	

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور۔ ہفتہ چہارم ماہ ستمبر ۱۹۲۸ء

نام جنس	صدر تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۵ا۰۵ ر ۵ا۰۵	۰	۵ا۰۵ ۵ا۰۵	۰	۰	۶ا۰	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۶ا۰	۰	۸ا۰			۸ا۰	
نخود کہنہ آمیز	۸ا۰	۰	۶ا۰			۶ا۰	
[illegible]	۶ا۰	۰	۶ا۰۶			۶ا۰۶	
ماش	۵ا۰	۰	۵ا۰۵			۵ا۰	
مونگ	۴ا۰	۰	۰			۵ا۰	
مکی	۵ا۰۶ا۰۵ا۰		۸ا۰			۹ا۰	
جنی	۸ا۰		۵ا۰۵			۱۱ا۰	
گوجئی	۱ا۱ا۰		۰		۰	۹ا۰	
خاکسی	۲ا۰ ۲ا۰		۰			۸ا۰	
ارہر	۲ا۰ ۶ا۰					۸ا۰	
برنج	۳ا۰ ۴ا۰		۴ا۰ ۳ا۰			۵ا۰	
روغن زرد	۰ا۰		۹ چھٹانک			۰ا۰	
روغن سیاہ	۱ ور ۰ا۰		سرسوں السی [illegible]			۱۰ا۰	
روغن کنجد	۱ا۰		۰			۱۱ا۰	
نمک سانبھر	۱۲ا۰		۱۳ا۰			۱۲ا۰	
نمک لاہوری	۶ا۰		۷ا۰			۸ا۰	
قند سیاہ	۴ا۰		۴ا۰			۴ا۰	
باجرہ	نرخ بازار					۸ا۰	

نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتدائے ۲۱ لغایت ۲۷ ستمبر ۱۹۲۸ء ریاست رامپور

تاریخ دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون
۲۱ ستمبر ۱۹۲۸ء یوم جمعہ	۰	۲۵۴	۰	۳۳۳	۰	۲۷۷	نقشہ نہیں آیا	۰		۲۳۱	۰	۲۲۸
۲۲ ″ ″ ″ شنبہ	۰	۲۵۴	۰	۳۳۳	۰	۲۷۷	″	۰	۰	۲۳۱	۰	۲۲۸
۲۳ ″ ″ ″ یکشنبہ	۰	۲۵۴	۰	۳۳۳	۰	۲۰۹	″	۰		۲۳۱	۰	۲۲۸
۲۴ ″ ″ ″ دوشنبہ	۰	۲۵۴	۰	۳۳۳	۰	۲۷۷	″	۰	۰	۲۳۱	۰	۲۲۸
۲۵ ″ ″ ″ سہ شنبہ	۰	۲۵۴	۰	۳۳۳	۰	۲۷۷	″	۰	۰	۲۳۱	نقشہ نہیں	۰
۲۶ ″ ″ ″ چہارشنبہ	۰	۲۵۴	۰	۳۳۳	نقشہ نہیں آیا	۰	″	۰	۰	۲۳۱	″	۰
۲۷ ″ ″ ″ پنجشنبہ	۰	۲۵۴	۰	۳۳۳	″	۰	″	۰	۰	۲۳۱	″	۰